# سورۃ البقرہ سے شرطیہ انشاءاللہ بیٹا پائیں

تحقیق وتالیف

حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی (دامت برکاتہم)

گولڈ میڈلسٹ

عبقری پبلشرز لاہور

78/3عبقری سٹریٹ، مزنگ چونگی، قرطبہ چوک، جیل روڈ، لاہور، پاکستان

92-42-3755-2384, 92-42-3758-6453, 92-42-3759-7605

Twitter.com/ubqari Facebook.com/ubqari www.ubqari.org

Web Edition April, 2012

# فہرست مضامین

سورۃالبقرہ سے شرطیہ انشاءاللہ بیٹا پائیں ........ 3
سورۃالبقرہ کے فضائل ........ 3
احادیث میں فضائل ........ 3
حیرت انگیز غیبی عمل ........ 4
جس کو بتایا اللہ نے بیٹا دیا ........ 4
اٹھہرا کی مریضہ خاتون ........ 5
کینیڈا کا پریشان حال حاجی ........ 5
ہر مشکل کا حل ........ 6
بے اولاد جوڑوں کے لیے قیمتی تحفہ ........ 7
طریقہ عمل ........ 7
سورہ بقرہ کی آیت، ہر بلا سے حفاظت ........ 7
آیۃالکرسی ........ 8
اسم اعظم اور یقین اعظم ........ 8
فائدہ مجھ پر عمل کرنے سے ہوگا ........ 9

# سورۃالبقرہ سے شرطیہ انشاءاللہ بیٹا پائیں

قارئین !انشاءاللہ اس لیے لکھاہے کہ اصل منشاءاللہ کی ہے لیکن قرآن کی برکت سے جس نے بھی یہ عمل کیااُس کا بیٹاہوا۔

## سورۃالبقرہ کے فضائل

سورۃالبقرہ اپنی فضیلت کے اعتبار سے ایک عظیم الشان حیثیت کی حامل ہے اس کی تلاوت سے اللہ تعالیٰ کی رضا اور رحمت حاصل ہوتی ہے روزانہ تلاوت کرنے سے گھر کی نحوستیں اور دل کی کثافتیں دور ہوتی ہیں، گھر میں نورالٰہی کی روشنی پھیل جاتی ہے اولیائے کرام اس سورت کی فضیلت کے بارے میں فرماتے ہیں روزانہ اس کی تلاوت کرنے سے معرفت الٰہی حاصل ہوتی ہے، قلب میں علم کا نور پیدا ہوتا ہے اور قوتِ ادراک و فہم بڑھ جاتی ہے۔

## احادیث میں فضائل

آپ ﷺ کی سورۂبقرہ کے فضائل کے ضمن میں بہت سی احادیث ہیں۔اور بہت سے اولیاء کرام کے اقوال و مشاہدات بھی اس کے کمالات کے شاہد ہیں۔ذیل میں چند پیش خدمت ہیں۔

آپ ﷺ نے فرمایا کہ ہر شے کا بلند حصہ ہوتا ہے قرآن کا بلند حصہ سورۃالبقرہ ہے اس کی تلاوت کرنے سے تین دن شیطان گھر میں داخل نہیں ہو سکتا۔(صحیح ابن حبان، مسند احمد)

آپ ﷺ نے فرمایا اپنے گھروں کو قبریں نہ بناؤ جس گھر میں سورۂبقرہ پڑھی جاتی ہے وہاں شیطان داخل نہیں ہو سکتا۔

(مسند احمد، مسلم، ترمذی، نسائی)

سورۂبقرہ وہ سورت ہے جس کو اللہ پاک نے اپنے دست مبارک سے اپنی شایان شان تحریر فرمایا۔

آپ ﷺ نے فرمایا کہ قیامت کے دن قرآن پڑھنے والوں کو بلوایا جائے گا آگے آگے سورۂبقرہ اور سورۂآل عمران ہونگی جو بادل کی طرح یا سائبان کی طرح یا پرندوں کے جھرمٹ کی طرح اس کے پڑھنے والے کے ساتھ ہونگی، اور یہ دونوں سورتیں پرودگار سے سفارش کریں گی۔ (مسند احمد)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے بارے میں آتا ہے کہ انھوں نے سورۃالبقرہ کو ڈھائی سال کے عرصے میں یاد کیا پھر اس خوشی میں ایک اونٹ ذبح کیا۔حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں آتا ہے کہ انھوں نے اس سورۃ کی ایک ایک آیت مبارکہ کو یاد بھی کیا اور اسکا مطلب بھی سمجھا یہاں تک کہ آٹھ برس کی مدت میں آپ نے پوری سورتہ کا علم حاصل کیا۔

# حیرت انگیز غیبی عمل

میرے مرشد حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری رحمۃاللہ علیہ جو حضرت علی ہجویری رحمۃاللہ علیہ کی خاص آل میں سے تھے ایک بار مجھے فرمانے لگے کہ طارق! تجھے ایک تحفہ دوں' میں نے کہا حضور عطافرمائیں' فرمانے لگے کہ سورۃ البقرہ کی یہ تاثیر ہے کہ جو خاتون حمل کے معلوم ہونے کے بعد ہر ماہ ہر چاند کے پہلے سات دن روزانہ ایک بار سورۃ البقرہ پڑھے اور یہ عمل نوماہ تک جاری رکھے تو انشاءاللہ شرطیہ بیٹا ہوتا ہے۔ حضرت رحمۃاللہ علیہ نے فرمایا کہ میں گزشتہ 45 سال سے یہ لوگوں کو بتارہا ہوں اور یہ چیز مجھے ایک درویش سے ملی تھی اور پھر خود ہی فرمایا کہ مجھے یہ عمل خواب میں حضرت خواجہ اویس قرنی رحمۃاللہ علیہ نے دی تھی اور فرمایا تھا یہ آپ کو اجازت ہے۔

## جس کو بتایا اللہ نے بیٹا دیا

حضرت کے فرمان کے بعد میں نے لوگوں کو بتانا شروع کیا اور مجھے یاد پڑتا ہے 1986ء میں یہ چیز (یعنی سورۃ البقرہ کا یہ تحفہ) مجھے حضرت نے دیا تھا۔ قارئین! آپ یقین جانیئے کتنے بے شمار لوگ میرے پاس آئے اور میں نے انہیں سورۃ البقرہ کا یہ عمل بتایا اور اللہ کریم جل شانہٗ نے انہیں بیٹا عطا فرمایا۔ جن لوگوں کو اولاد نہیں ہوتی اور وہ سالہا سال سے پریشان ہیں، چاہت تو بہت ہے لیکن امید نہیں ہے ایسے لوگوں کے لیے بھی نہایت ہی آزمودہ اور مجرب عمل ہے۔ اگر عورت خود نہیں پڑھ سکتی تو اُس کی طرف سے اس کا شوہر پڑھے۔ اگر شوہر بھی بدقسمتی سے قرآن پڑھا ہوا نہیں ہے تو اس کے گھر کا کوئی فرد پڑھے۔ یعنی کرائے کا آدمی نہ پڑھے۔ کرائے کا آدمی ہیں اکثر انہیں کہتا ہوں کہ کہیں سے بندہ تلاش کیا اور اسے پیسے دے کر قرآن پڑھوا دیا اس کے بارے میں میں اکثر منع کیا کرتا ہوں اور جب بھی یہ عمل کسی نے کیا اللہ جل شانہٗ نے انہیں بیٹا عطا فرمایا۔ اس سلسلے میں چند واقعات آپ کی خدمت میں عرض ہیں:۔

یہ 1988ء کا واقعہ ہے ایک خاندان میرے پاس آیا کہ ہمارے ہاں صرف بیٹیاں ہی بیٹیاں ہوتی ہیں' ہم تو بیٹے کو ترستے ہیں' ہمارا ہر حمل اس امید سے ہوتا ہے کہ اس میں بیٹا ہوگا عاملوں اور ڈاکٹروں کے اعتماد دلانے اور کوئی عمل کرنے کے بعد ہم بیٹوں کے کپڑے بنواتے ہیں، لیکن پھر بیٹی پیدا ہوتی ہے۔ اب تو ہمارے گھر عالم یہ ہے کہ جب بھی بیٹی ہوتی ہے ماتم کا سا سماں ہوتا ہے بیٹے کو ترس گئے ہیں اور کسی نے جادو بتایا تو اس کا علاج کرایا' کسی نے جنات بتائے تو اس کا علاج کرایا۔ کسی نے فولاد اور وٹامن کی کمی بتائی تو اس کیلئے ادویات کھلائیں۔ دنیا کا کوئی طریقہ ایسا نہیں یا کوئی عمل ایسا نہیں کہ جو ہم نے چھوڑا ہو۔ لیکن اس کے باوجود بیٹیاں پیدا ہوتی ہیں، آپ کا کسی نے بتایا آئے ہیں اگر ممکن ہو سکے تو آپ ہمیں کوئی عمل بتائیں جس سے اللہ پاک بیٹے کی نعمت عطا فرمائے۔

میں نے انہیں سورۃ البقرہ کا یہی عمل بتایا۔ انہوں نے عمل شروع کر دیا۔ بلکہ اُس وقت ان کے خاندان میں چند خواتین حاملہ تھیں سب کو عمل شروع کرادیا' چونکہ بیٹیاں زیادہ تھیں تو خود حاملہ نے بھی پڑھا اور گھر کے اور افراد نے بھی پڑھا اور اللہ کریم کی شان کریمی دیکھیں کہ جس نے بھی عمل کیا اُس کو بیٹا ہوا۔ اب تو ان کا سورۃ البقرہ پر اتنا یقین ٹھہر گیا کہ انہوں نے باقاعدہ ایک کاغذ چھپوایا اس کو فوٹوسٹیٹ کرایا اور لوگوں کو بانٹنا شروع کر دیا کہ جو حضرات بیٹے چاہتے ہیں ان کو چاہیے کہ سورۃ البقرہ کا یہ عمل کریں ایک اور انوکھا کام کیا کہ اپنی بیتی چند واقعات کے ساتھ جو میرے بتانے کے بعد انہیں حاصل ہوئے وہ سارے تجربات و مشاہدات ایک چھوٹا سا رسالہ چھپوایا اس کا عنوان رکھا ''شرطیہ بیٹا'' اور ہر شادی میں جہاں کسی کی شادی ہوتی تھی اس کو پوسٹ کر کے یا خود اس میں شامل ہو کر اُن کو یہ دے آتے تھے اور بقول ان کے کہ جب سے میں نے آپ سے یہ سنا پھر خود آزمایا اور خود ہی اس کو پمفلیٹ کے ذریعے لوگوں تک پہنچایا، جس نے بھی کیا آج تک مجھے کوئی ایک شخص ایسا نہیں ملا جس کو بیٹا نہ ہوا ہو، سبھی کو بیٹے ہوئے اور اللہ پاک نے ان کو بہت برکت سے رکھا۔

سورۃالبقرہ کی برکت سے جو بیٹااللہ پاک عطافرماتے ہیں ایک تجربہ اور ہوا ہے وہ بچے تندرست ہوتے ہیں صحیح سالم ہوتے ہیں' داغدار یعنی معذور نہیں ہوتے اور طویل العمر صحت باسلامت رہتے ہیں۔

## اٹھرا کی مریضہ خاتون

ایک صاحب مجھ سے ایک مسئلہ بیان کرنے لگے کہ ہمارے گھر میں ایک تکلیف رہتی ہے اٹھرا کا مرض ہے۔ کہنے لگے کہ میرے اپنے تین بچے فوت ہوگئے ہیں اور اکثر بیٹے فوت ہوتے ہیں بیٹیاں بچ جاتی ہیں میں نے انہیں کہا کہ آپ سورۃالبقرہ پڑھیں اور سورۃالبقرہ ہر چاند کے سات دن پڑھیں اور اگر ممکن ہو تو روزانہ سورۃالبقرہ ایک بار کے علاوہ بھی پڑھتے رہیں، انہوں نے عزم کیا میں یہ عمل کروں گا جب انہوں نے یہ عمل کرنا شروع کیا تو اللہ کریم نے ایسی کریمی فرمائی کہ ان کے گھر بیٹا پیدا ہوا ایک بڑی سی ٹوکری مٹھائی کی بھر کر میرے پاس لے آئے وہاں جتنے افراد بیٹھے تھے ان سب میں، میں نے مٹھائی بانٹ دی، اتنے خوش کہ فرمانے لگے کہ اس کا نام کیا رکھوں۔ میرے دل میں اللہ پاک نے ڈالا اس شخص کے بیٹے بچتے نہیں تھے یہ بچ گیا اس کو اللہ نے باقی رکھا تو اس کا نام عبدالباقی رکھا جائے۔ میں نے انہیں مشورہ دیا کہ اس بیٹے کا نام عبدالباقی رکھیں۔ اب ماشاءاللہ بہت تندرست ہے' صحت مند ہے۔

قارئین! اس عمل کے کتنے واقعات ایسے ہیں جو اٹھرا کے مرض میں یا ایسے لوگوں جن میں بیٹیاں پیدا ہوتی ہیں۔

اعظم کلاتھ مارکیٹ لاہور کے ایک تاجر کہنے لگے کہ اب اللہ نے بیٹے بہت دیئے ہیں ہر بار حمل ہوتا ہے تو سورۃالبقرہ کا یہ عمل ہم کرتے ہیں تو اس مبارک عمل کی برکت سے اللہ پاک بیٹے عطافرماتے ہیں، اب جی چاہتا ہے کہ بیٹی ہو تو میں نے اُن سے عرض کیا کہ سورۃالبقرہ نہ پڑھیں انہوں نے سورۃالبقرہ نہ پڑھی تو انہیں بیٹی مل گئی۔

## کینیڈا کا پریشان حال حاجی

حج کے ایام میں منٰی میں بیٹھے تھے ایک صاحب میرے ساتھ بیٹھے مسلسل رو رہے تھے اور ایک بات کہہ رہے تھے اے اللہ! تیرے پاس کونسی کمی ہے تو اپنے خزانے سے بیٹے عطا کردے' یااللہ! ہماری قسمت میں صرف بیٹیاں ہی ہیں بیٹے نہیں ہیں؟ اللہ میں تو حج میں تیرے پاس صرف بیٹے لینے آیا ہوں اللہ میری نسلیں بڑھادے' ان کی دعا سنتا رہا' میں بھی اللہ سے راز و نیاز کر رہا تھا بعد میں میں نے ان سے پوچھا تعارف ہوا تو کہنے لگے کہ ہمارے خاندان میں بیٹیاں ہی بیٹیاں ہیں بیٹے نہیں۔

صرف ایک ہمارے کزن میں ایک بیٹا ہوا باقی سب کی بیٹیاں ہیں۔ میں نے حج کیا لیکن حج صرف اس نیت سے کیا کہ اللہ پاک سے اس دفعہ حج پر بیٹا ہی لے کر آؤں گا۔ میں نے ان سے عرض کیا کہ آپ کی دعا قبول ہوگئی ہے' دعا کی قبولیت سے ہی اللہ پاک اسباب پیدا فرماتے ہیں آپ صرف سورۃالبقرہ کا یہ عمل کریں۔ اور تفصیل میں نے سمجھادی' وہ پاکستانی تھے لیکن بہت عرصے سے کینیڈا ٹورنٹو میں رہتے تھے اور وہاں سے براہ راست حج کرنے سعودی عرب آئے تھے۔ ان کو یہ عمل دیا اسی وقت انہوں نے فون کیا اور سب گھر والوں کو سمجھایا کہ یہ عمل کرنا شروع کردیں اور فرمایا کہ منٰی میں دعا کے وقت اللہ پاک نے یہ عمل دیا ہے۔

ابھی چند دن پہلے ان کی طرف سے اطلاع موصول ہوئی کہ ہمارے گھر میں اللہ جل شانہٗ نے اس عمل کی برکت سے دو حاملہ خواتین کو بیٹا دیا ہے اور جن صاحب کے ذریعے سے مجھے یہ پیغام ملا وہ کہہ رہے تھے کہ وہ صاحب مسلسل رو رہے تھے اور کہہ رہے تھے کہ کسی طرح میری حکیم صاحب سے ملاقات ہو اور میں انہیں اپنے جذبات سے خود آگاہ کروں کہ اللہ کریم نے سورۃالبقرہ کی برکت سے مجھے بیٹے عطافرمائے۔

## ہر مشکل کا حل

ایک صاحب کہنے لگے کہ میرے پاس چودہ کیس ایسے ہیں جو میں آپ کو گن کر بتا سکتا ہوں کہ جن کو میں نے بتایا اور ان کو اللہ پاک نے سورۃ البقرہ کے اس عمل سے بیٹے عطا فرمائے۔ ابھی کچھ عرصہ پہلے سورۃ البقرہ کا ایک عمل حیاء ڈائجسٹ کی ایڈیٹر مسز راحت ارشد صاحبہ کا چھپا تھا‘ موصوفہ ایک صالح اور نیک خاتون ہیں‘ پوتے پوتیوں والی ہیں۔ ایک بار فون پر اپنے تجربات و مشاہدات مجھے بتانے لگیں کہ جب بھی ہمیں کوئی مشکل پیش آتی ہے اور اپنی ایک بڑی بوڑھی کا تجربہ بھی بتایا کہ اس وقت ہم صرف سورۃ البقرہ میں لگ جاتے ہیں اور سورۃ البقرہ ہر مشکل کا آخری حل ہے‘ ویسے بھی قارئین میرے سالہا سال کے تجربات میں یہ بات آئی ہے سورۃ البقرہ جہاں مشکلات کا حل ہے وہاں جادو جنات کا آخری اور تیر بہدف حل ہے۔ جس گھر میں جادو ہو‘ جنات ہوں‘ بندش ہو آپ سورۃ البقرہ پڑھیں اور کیسٹ میں سورۃ البقرہ لگا دیں۔

مجھے یہ شکایت بھی ملی کہ جنات کیسٹیں توڑ دیتے ہیں یا ٹیپ ریکارڈر خراب کر دیتے ہیں‘ یا سورۃ البقرہ کی کیسٹ غائب ہو جاتی ہے۔ لیکن چلانے والے اپنے عزم سے نہ ہٹے تو ایک وقت آیا کہ شریر جنات سے نجات مل گئی۔ قارئین! یہ میری طرف سے آپ کو تحفہ ہے سورۃ البقرہ کا کہ ہزاروں واقعات میرے پاس ایسے ہیں مایوس لوگ آئے انہیں سورۃ البقرہ کا عمل بتایا اور جس کو بھی یہ عمل بتایا شان کریمی نے اسے بیٹا عطا کیا۔ ایک خاتون مسلسل بیٹھی رو رہی تھی اس کی رقت طاری ہوئی آواز رندھ گئی‘ دوسری خواتین بیٹھی اُس سے مسلسل پوچھ رہی تھیں کہ تیرے رونے کی وجہ کیا ہے۔ میں مریضوں میں مصروف بیٹھا دور یہ بات سن رہا تھا آخر بولی تو کہنے لگی کہ میں اپنا درد حکیم صاحب کو سناؤں گی جب ان کی باری آئی تو میں نے ان سے پوچھا تو مجھ سے کہنے لگی کہ میں ایک ایسی مایوس خاتون ہوں کہ ہمارے مقدر میں بیٹیاں ہیں‘ بیٹے نہیں تو میں نے ان سے فوراً کہا کہ بیٹیاں تو نعمت ہیں ان کے بارے میں کہیں آپ کے دل میں حقارت تو نہیں۔

کہنے لگی: حقارت تو نہیں ہے لیکن بیٹے بھی تو نعمت ہیں اللہ پاک نے ہمیں یہ نعمت نہیں دی۔ ہمارے ہر حمل میں مشہور ہے حتیٰ کہ اب تو رشتہ کرنے والے بھی ڈرتے ہیں کہ ان کے ہاں بیٹیاں پیدا ہوتی ہیں‘ ہمارے بعض رشتے اس کی وجہ سے رکے ہوئے ہیں۔ آخر ہم کیا کریں؟ میں نے ان سے عرض کیا آپ مایوس نہ ہوں آپ سورۃ البقرہ کا یہ عمل کریں اور سورۃ البقرہ کے اس عمل میں بڑی طاقت اور تاثیر ہے اور میں نے انہیں ایک واقعہ سنایا کہ ہماری قریبی رشتے دار ہماری والدہ کو بہت عرصہ تکلیف دیتی رہیں لیکن میری والدہ رحمۃ اللہ علیھا صبر کرنے والی معاف کرنے والی تھیں۔ والدہ نے بہت عرصہ صبر کیا۔ والدہ کی وفات کے بعد میرے پاس آئیں کہنے لگی کہ ہمارے ہاں بیٹے بھی ہیں بیٹیاں بھی ہیں لیکن بیٹے تھوڑے ہیں‘ کوئی عمل بتائیں میں نے انہیں سورۃ البقرہ کا عمل بتایا اب ان کے ہاں بیٹے ہی بیٹے ہیں۔

اس روتی خاتون کو میں نے بتایا کہ تسلی کریں آپ یہ عمل کریں انشاء اللہ اللہ آپ کو بیٹا عطا فرمائیں گے اور ایسے بیٹے عطا فرمائیں گے جو صحتمند اور سلامت رہیں گے انشاء اللہ اور بابرکت ہونگے۔ قارئین! اس روتی خاتون کو میں نے تسلی دی اور انہوں نے یہ عمل شروع کر دیا پھر اللہ کی شان کریمی کہ اللہ کریم نے نعمتیں عطا فرمائیں اور بیٹوں کی برکتیں عطا فرمائیں۔ کتنے لوگ ایسے ہیں جنہوں نے اس بیٹے والے عمل کو ہزاروں لوگوں تک پہنچایا اور بعض اوقات دل میں گمان ہوتا ہے کہ یا اللہ تو نے مجھے ذریعہ بنایا اپنے قرآن کے پڑھنے کا لوگوں کی جھولیاں بھرنے کا اللہ تیرا شکر ہے خیر کا مجھے ہمیشہ ذریعہ بنائے رکھنا۔

## بے اولاد جوڑوں کے لیے قیمتی تحفہ

ایسے تمام بے اولاد جوڑے جو حصول اولاد کے لیے دنیا بھر کی ٹھوکریں کھا چکے ہیں، ہر قسم کا ڈاکٹری علاج اور دم، تعویذ کروانے کے بعد بھی سوائے بے بسی اور مایوسی کے کچھ ہاتھ نہ آیا یا، وہ نہایت توجہ دھیان اور یقین کی قوت کے ساتھ یہ غیبی سورۂ بقرہ کا عمل کریں۔انشاءاللہ کریم اپنے اس کلام کی برکت سے گود ہری کردے گا۔

## طریقہ عمل

☆حمل کے معلوم ہو جانے کے بعد ہر اسلامی ماہ کے شروع کے سات دن روزانہ ایک بار سورۂ بقرہ مکمل پڑھیں اور یہ عمل نو ماہ تک جاری رکھیں۔

☆میاں اور بیوی دونوں یہ عمل کر سکتے ہیں اگر بیوی قرآن پڑھی ہوئی نہ ہو تو شوہر یا گھر کے بچے یا اور کوئی فرد بھی کر سکتا ہے۔

☆میاں اور بیوی دونوں ہی اس قرآن مقدس کے پڑھنے کی عظیم نعمت سے محروم ہوں تو سیکھ کر پڑھنا شروع کر دیں اور تب تک اپنے کسی مخلص سے بھی پڑھوا سکتے ہیں۔

☆مہینہ کے شروع کے دن خاتون کے ایام کے دن ہوں تو مدت پوری ہونے کے بعد سے اس عمل کو شروع کیا جائے۔

☆وقت اور جگہ کی کوئی قید نہیں جب اور جس طرح چاہیں کر سکتے ہیں۔

## سورہ بقرہ کی آیت، ہر بلا سے حفاظت

محمد بن حنفیہ سے منقول ہے کہ جب آیت الکرسی نازل ہوئی تو پوری دنیا میں تمام بت گر گئے تمام بادشاہوں کے سروں کے تاج گر گئے شیطان ایک دوسرے کو مارتے پیٹتے ہوئے بھاگ پڑے اور ابلیس کو آکر یہ واقعہ بتایا اس نے حکم دیا وہ سب جا کر تحقیق کریں کہ دنیا میں کون سا نیا واقعہ پیش آیا ہے جس کی وجہ سے یہ صورت حال پیش آئی ہے شیاطین مدینہ منورہ پہنچے تو انہیں معلوم ہوا کہ آیت الکرسی نازل ہوئی ہے اور اسی کی وجہ سے یہ ساری ہلچل مچی ہے۔(تفسیر قرطبیؒ)

حضرت عبدالرحمن بن عوف جب اپنے گھر میں داخل ہوتے تو چاروں کونوں میں آیت الکرسی پڑھتے تاکہ چاروں گوشوں میں آیت الکرسی محافظ بن جائے اور ہر گوشے میں سے شیاطین دفعہ ہو جائیں۔

قرآن کی سب سے بڑی شان والی آیت، سورۃ البقرہ کی آیت آیۃ الکرسی ہے آیت الکرسی تمام آیتوں کی سردار ہے(مسلم شریف)

جو شخص ہر نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے اس کے لیے جنت میں سوائے موت کے اور کوئی چیز مانع نہیں، جو شخص اپنے بستر پر آیۃ الکرسی پڑھے اس کے اور اس کے ہمسائے کو اللہ پاک امن اور عافیت میں رکھتا ہے(بیہقی)

حضرت بابافرید گنج شکر رحمۃاللہ علیہ فرماتے ہیں جو شخص دن رات میں آیۃ الکرسی کا ورد رکھتا ہے وہ مقربین الٰہی میں شمار ہوتا ہے، اس کے نامہ اعمال میں سالہاسال کی عبادت کا ثواب لکھا جاتا ہے، ہزاروں فرشتے اس کے گرد گھومتے ہیں اور اس پر آنے والی ہر برائی اور تکلیف کو دور کیا جاتا ہے۔ قرآن مقدس کی یہ اعظم اور بابرکت آیت سورۂ بقرہ میں ہے۔ سورۂ بقرہ کے کمالات کی ایک وجہ آیۃ الکرسی بھی ہے۔

## آیۃ الکرسی

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ۬ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ﴿۲۵۵﴾

## اسم اعظم اور یقین اعظم

☆میرے مرشد حضرت خواجہ سید عبداللہ ہجویری رحمۃاللہ علیہ ذکر کی تاثیر کے لیے یقین کی قوت کو نہایت ہی اہم قرار دیا کرتے تھے۔ فرماتے کہ جس کو جو ذکر دے دیا جائے وہ اس کے لیے اسم اعظم ہے، اگر اس کو یقین اعظم کے ساتھ کیا جائے تو تاثیر اعظم شروع ہو جائے گی۔

☆حضرت جعفر صادق رحمۃاللہ علیہ اور حضرت جنید بغدادی رحمۃاللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہر وہ اسم جو اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے ہو اور بندہ اس کے ساتھ اپنے رب سے مستغرق ہو کر ایسی دعا کرے کہ اس وقت اس کے دل میں غیر اللہ کا کوئی گذر نہ ہو پس جو شخص بھی اپنی دعا میں یہ کیفیت پیدا کر لے گا اس کی دعا قبول ہو جائے گی۔

☆حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں گناہوں کا چھوڑ دینا بھی اسم اعظم کی حیثیت رکھتا ہے۔ (الکنز الاعظم)

## فائدہ مجھ پر عمل کرنے سے ہوگا

اس کتاب میں ذکر کردہ مبارک غیبی وظیفہ سے دنیا نے فائدہ اٹھایااور اٹھارہی ہے۔اگر آپ کسی بھی روحانی عمل سے بھرپور فوائد حاصل کرناچاہتے ہیں تو ان دس باتوں پر عمل کیجئے اور خدا کی غیبی قدرت کے نظارے اپنی آنکھوں سے دیکھئے۔انشاء اللہ

1. یقین کے ساتھ عمل کریں، شک عمل کو ضائع کر دیتا ہے۔
2. توجہ کے ساتھ عمل کریں، بے توجہی سے پڑھی جانے والی دعائیں ہوا میں گم ہو جاتی ہیں۔
3. رزق حلال کا اہتمام کریں، حرام غذا عمل کے اثر کو ختم کر دیتی ہے۔
4. ہر عمل اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے کریں، مالک راضی ہو گا، تو کام بنے گا۔
5. فرائض کا اہتمام کریں، جو لوگ نماز اور دیگر فرائض ادا نہیں کرتے ان کے اعمال بے اثر رہتے ہیں۔
6. حرام کاموں سے بچیں، وہ کام جنہیں شریعت نے حرام قرار دیا ہے ان کا ارتکاب روحانیت کو نقصان پہنچاتا ہے، تب عمل کارگر نہیں ہوتا۔
7. الفاظ کی تصحیح کا اہتمام کریں، الفاظ غلط پڑھنے سے معنی بدل جاتے ہیں۔
8. طہارت کا اہتمام کریں، خود بھی پاک صاف ہوں، لباس اور جگہ بھی پاک صاف رکھیں۔
9. عاجزی اور آہ و زاری کے ساتھ عمل کریں۔
10. جھوٹ ،دھوکہ بازی، حسد، غیبت ،چغلی یہ باتیں روحانی اعمال کے فائدے میں بہت بڑی رکاوٹ بن جاتی ہیں۔